کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان نے مون سون سیزن 2026 اور ممکنہ شدید موسمی خطرات کے پیش نظر جامع کنٹی جنسی پلان کی منظوری دے دی ہے۔ یہ فیصلہ پیر کے روز وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت پراونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ کمیشن کے اہم اجلاس میں کیا گیا اجلاس میں صوبے کو در پیش ممکنہ قدرتی آفات، مون سون بارشوں، سیلابی صورتحال، ہیٹ ویو اور غیر معمولی موسمی تغیرات سے نمٹنے کیلئے تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس کو متعلقہ حکام بقیہ 1 صفحہ 6 پر



کوئٹہ: وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پراونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ کمیشن کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اور ماہرین کی جانب سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ عالمی موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات کے باعث بلوچستان میں اسسال درجہ حرارت 53 ڈگری سینٹی گریڈ تک جانے کا خدشہ ہے جبکہ کلاؤڈ برسٹ کے بعد اچانک ہیٹ برسٹ جیسے غیر معمولی موسمی خطرات بھی پیدا ہو سکتے ہیں، جو انسانی جانوں اور بنیادی ڈھانچے کیلئے سنگین چیلنج بن سکتے ہیں اجلاس میں ہدایت کی گئی کہ تمام متعلقہ ادارے ہائی الرٹ رہیں اور پیشگی اقدامات ہر صورت مکمل رکھے جائیں تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے بروقت اور مؤثر انداز میں نمٹا جا سکے حکومت بلوچستان نے ہنگامی حالات سے نمٹنے کیلئے 7500 ملین روپے کے فنڈز کی منظوری بھی دے دی ہے، جس کے تحت ریسکیو، ریلیف اور بحالی سرگرمیوں کو فوری طور پر فعال بنایا جائے گا اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ڈویژن اور ضلعی سطح پر پی ڈی ایم اے دفاتر کو مکمل طور پر فعال رکھا جائے گا جبکہ ریسکیو مشینری، خیمے، ادویات، خوراک اور دیگر ضروری سامان کی دستیابی یقینی بنائی جائے گی اسی طرح صوبے بھر کے تمام اضلاع میں 1122 ریسکیو سینٹرز کو فعال کرنے کا فیصلہ کیا گیا جبکہ آئندہ مرحلے میں تحصیل سطح پر بھی ریسکیو مراکز قائم کیے جائیں گے تاکہ امدادی کارروائیوں کو مزید مؤثر بنایا جا سکے شدید گرمی اور ہیٹ ویو کے خدشات کے پیش نظر ہسپتالوں میں ہیٹ اسٹروک ایمرجنسی نافذ کرنے، طبی عملے اور ایمبولینس سروس کو مکمل الرٹ رکھنے کی ہدایت بھی کی گئی اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ عوامی آگاہی مہم فوری طور پر شروع کی جائے گی جس کے تحت تعلیمی اداروں، مساجد، میڈیا اور سوشل میڈیا کے ذریعے شہریوں کو گرمی سے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر سے آگاہ کیا جائے گا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث غیر معمولی موسمی خطرات میں اضافہ ہو رہا ہے ایسی صورتحال میں حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے انہوں نے ہدایت کی کہ حساس اضلاع میں نکاسی آب کے نظام، ریسکیو مشینری، امدادی سامان اور ریلیف پوائنٹس ہر صورت فعال رکھے جائیں تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری ردعمل ممکن بنایا جا سکے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان کسی بھی آفت یا ہنگامی صورتحال میں عوام کو تنہا نہیں چھوڑے گی اور جدید ڈیزاسٹر مینجمنٹ سسٹم کے ذریعے بروقت اقدامات کو یقینی بنایا جائے گا اس اجلاس میں صوبائی وزیر بلدیات میر ضیاء لانگو، اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری، سینیئر ممبر بورڈ آف ریونیو کیپٹن (ر)، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات زاہد سلیم، ایڈیشنل سیکرٹری چیف منسٹر حمزہ شفقات، سیکرٹری آبپاشی سہیل الرحمن بلوچ، سیکرٹری خزانہ جہانگیر خان کاکڑ، سپیشل سیکرٹری عمران زرکون، سیکرٹری مواصلات ... خان، سیکرٹری لائیو اسٹاک داؤد خان بازئی، ایڈیشنل سیکرٹری چیف منسٹر سیکرٹریٹ محمد فریدون، ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے بلوچستان جہانزیب خان، ڈائریکٹر پی ڈی ایم اے عطاء اللہ مینگل اور دیگر نے شرکت کی۔

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال — چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 81 — منگل 19 مئی 2026ء، 2 ذوالحجہ 1447ھ — صفحات 6 — قیمت 20 روپے — شمارہ 138


# حکومت کسی بھی ممکنہ ہنگامی صورتحال یا آفت میں عوام کو تنہا نہیں چھوڑے گی

## وزیر اعلیٰ بلوچستان

### عالمی موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات کے باعث بلوچستان میں امسال درجہ حرارت 53 ڈگری سینٹی گریڈ تک جانے کا خدشہ

### حکومت بلوچستان نے ممکنہ شدید موسمی خطرات کے پیش نظر جامع کنٹی جنسی پلان کی منظوری دے دی

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان نے مون سون سیزن 2026 اور ممکنہ شدید موسمی خطرات کے پیش نظر جامع کنٹی جنسی پلان کی منظوری دے دی ہے۔ یہ فیصلہ پیر کے روز وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت پروانشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ کمیشن کے اہم اجلاس میں کیا گیا اجلاس میں صوبے کو درپیش ممکنہ قدرتی آفات، مون سون بارشوں، سیلابی صورتحال، ہیٹ ویو اور غیر معمولی موسمی تغیرات سے نمٹنے کیلئے تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس کو متعلقہ حکام اور ماہرین کی جانب سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ عالمی موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات کے باعث بلوچستان میں امسال درجہ حرارت 53 ڈگری سینٹی گریڈ تک جانے کا خدشہ ہے جبکہ کلاؤڈ برسٹ کے بعد اچانک ہیٹ برسٹ جیسے غیر معمولی موسمی خطرات بھی پیدا ہو سکتے ہیں، جو انسانی جانوں اور بنیادی ڈھانچے کیلئے سنگین نقصان کا باعث بن سکتے ہیں اجلاس میں ہدایت کی گئی کہ تمام متعلقہ ادارے ہائی الرٹ رہیں اور پیشگی اقدامات کو یقینی بنائیں تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے بروقت اور موثر انداز میں نمٹا جا سکے حکومت بلوچستان نے ہنگامی حالات سے نمٹنے کیلئے 7500 ملین روپے کے فنڈز کی منظوری بھی دے دی ہے، جس کے تحت ریسکیو، ریلیف اور بحالی سرگرمیوں کو فوری طور پر فعال بنایا جائے گا اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ صوبائی اور ضلعی سطح پر پی ڈی ایم اے دفاتر کو مکمل طور پر فعال رکھا جائے گا جبکہ ریسکیو مشینری، خیمے، ادویات، خوراک اور دیگر ضروری سامان کی دستیابی یقینی بنائی جائے گی اسی طرح صوبے بھر کے تمام اضلاع میں 1122 ریسکیو سینٹرز کو فعال کرنے کا فیصلہ کیا گیا جبکہ آئندہ مرحلے میں تحصیل سطح پر بھی ریسکیو مراکز قائم کیے جائیں گے تاکہ امدادی کارروائیوں کو مزید موثر بنایا جا سکے شدید گرمی اور ہیٹ ویو کے خدشات کے پیش نظر اسپتالوں میں ہیٹ اسٹروک ایمرجنسی نافذ کرنے، طبی عملے اور ایمبولینس سروس کو مکمل الرٹ رکھنے کی ہدایت دی گئی اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ عوامی آگاہی مہم فوری طور پر شروع کی جائے گی جس کے تحت تعلیمی اداروں، مساجد، میڈیا اور سوشل میڈیا کے ذریعے شہریوں کو گرمی سے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر سے آگاہ کیا جائے گا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث غیر معمولی موسمی خطرات میں اضافہ ہو رہا ہے ایسی صورتحال میں حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے انہوں نے ہدایت کی کہ حساس اضلاع میں نکاسی آب کے نظام، ریسکیو مشینری، امدادی سامان اور ریلیف پوائنٹس ہر صورت فعال رکھے جائیں تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری ردعمل ممکن بنایا جا سکے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان کسی بھی آفت یا ہنگامی صورتحال میں عوام کو تنہا نہیں چھوڑے گی اور جدید ڈیزاسٹر مینجمنٹ سسٹم کے ذریعے بروقت اقدامات کو یقینی بنایا جائے گا۔



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پروانشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ کمیشن کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 12

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر

| شمارہ | MEMBER OF APNS | قیمت | FaX:2839867 | Ph :2839851 | جلد |
|---|---|---|---|---|---|
| 86 | رجسٹرڈ ایل سی پی-10 | 15 روپے | 1447ھ | 2 ذوالحج · منگل 19 مئی 2026ء | 29 |

# کنٹی جنسی پلان منظور غیر معمولی موسمی خطرات سنگین چیلنج بن سکتے ہیں، سرفراز بگٹی

## موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث غیر معمولی موسمی خطرات میں اضافہ ہو رہا، حکومت کسی بھی آفت یا ہنگامی صورتحال میں عوام کو تنہا نہیں چھوڑے گی، وزیراعلیٰ

## درجہ حرارت 53 ڈگری سینٹی گریڈ تک جانے کا خدشہ ہنگامی حالات سے نمٹنے کیلئے 7500 ملین روپے کے فنڈز کی منظوری

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان نے مون سون سیزن 2026 اور ممکنہ شدید موسمی خطرات کے پیش نظر جامع کنٹی جنسی پلان کی منظوری دے دی ہے۔ یہ فیصلہ پیر کے روز وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت پروانشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ کمیشن کے اہم اجلاس میں کیا گیا اجلاس میں صوبے کو درپیش ممکنہ قدرتی آفات، مون سون بارشوں، سیلابی صورتحال، ہیٹ ویو اور غیر معمولی موسمی تغیرات سے نمٹنے کیلئے تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس کو متعلقہ حکام اور ماہرین کی جانب سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ عالمی موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات کے باعث بلوچستان میں امسال درجہ حرارت 53 ڈگری سینٹی گریڈ تک جانے کا خدشہ ہے جبکہ کلاوڈ برسٹ کے بعد اچانک ہیٹ برسٹ جیسے غیر معمولی موسمی خطرات بھی پیدا ہو سکتے ہیں، جو انسانی جانوں اور بنیادی ڈھانچے کیلئے سنگین چیلنج بن سکتے ہیں اجلاس میں ہدایت کی گئی کہ تمام متعلقہ ادارے ہائی الرٹ رہیں اور پیشگی اقدامات ہر صورت مکمل رکھے جائیں تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے بروقت اور مؤثر انداز میں نمٹا جا سکے حکومت بلوچستان نے ہنگامی حالات سے نمٹنے کیلئے 7500 ملین روپے کے فنڈز کی منظوری بھی دے دی ہے، جس کے تحت ریسکیو، ریلیف اور بحالی سرگرمیوں کو فوری طور پر فعال بنایا جائے گا اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ڈویژن اور ضلعی سطح پر پی ڈی ایم اے دفاتر کو مکمل طور پر فعال رکھا جائے گا جبکہ ریسکیو مشینری، خیمے، ادویات، خوراک اور دیگر ضروری سامان کی دستیابی یقینی بنائی جائے گی اسی طرح صوبے بھر کے تمام اضلاع میں 1122 ریسکیو سینٹرز کو فعال کرنے کا فیصلہ کیا گیا جبکہ آئندہ مرحلے میں تحصیل سطح پر بھی ریسکیو مراکز قائم کیے جائیں گے تاکہ امدادی کارروائیوں کو مزید مؤثر بنایا جا سکے شدید گرمی اور ہیٹ ویو کے خدشات کے پیش نظر اسپتالوں میں ہیٹ اسٹروک ایمرجنسی نافذ کرنے، طبی عملے اور ایمبولینس سروس کو مکمل الرٹ رکھنے کی ہدایت دی گئی اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ عوامی آگاہی مہم فوری طور پر شروع کی جائے گی جس کے تحت تعلیمی اداروں، مساجد، میڈیا اور سوشل میڈیا کے ذریعے شہریوں کو گرمی سے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر سے آگاہ کیا جائے گا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث غیر معمولی موسمی خطرات میں اضافہ ہو رہا ہے ایسی صورتحال میں حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے انہوں نے ہدایت کی کہ حساس اضلاع میں نکاسی آب کے نظام، ریسکیو مشینری، امدادی سامان اور ریلیف پوائنٹس ہر صورت فعال رکھے جائیں تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری ردعمل ممکن بنایا جا سکے وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان کسی بھی آفت یا ہنگامی صورتحال میں عوام کو تنہا نہیں چھوڑے گی اور جدید ڈیزاسٹر مینجمنٹ سسٹم کے ذریعے بروقت اقدامات کو یقینی بنایا جائے گا۔ اجلاس میں صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو، اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری، سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو کبیر دشتی، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات زاہد سلیم، ایڈیشنل سیکرٹری چیف داخلہ حمزہ شفقات، سیکرٹری آبپاشی سہیل الرحمن بلوچ، سیکرٹری خزانہ جہانگیر خان کاکڑ، پرنسپل سیکرٹری عمران زرکون، سیکرٹری مواصلات بابر خان، سیکرٹری لائیو اسٹاک داؤد خان بازئی، ایڈیشنل سیکرٹری چیف منسٹر سیکرٹریٹ محمد فریدون، ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے بلوچستان جہانزیب خان، ڈائریکٹر پی ڈی ایم اے عطاء اللہ مینگل اور نوید شیخ شریک تھے



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پروانشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ کمیشن کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner

# Balochistan Times

92 NEWS MEDIA GROUP

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1462 QUETTA Tuesday May 19, 2026 / Dhu'l-Hijjah 2, 1447 Rs: 30




QUETTA: Chief Minister Mir Sarfraz Bugti presiding over a meeting to approve contingency plan on Monday.

## Bugti approves contingency plan amid extreme weather concerns

Staff Report

QUETTA: The Balochistan government has formally approved a comprehensive contingency plan to address the looming threat of extreme weather and the monsoon 2026 season. The decision was taken at a crucial meeting of the Provincial Disaster Management Commission chaired by Chief Minister Mir Sarfraz Bugti.

During the session, officials and climate experts warned that global climate change could push temperatures in Balochistan as high as 53 degrees Celsius this year. They also highlighted the possibility of unusual and dangerous phenomena such as sudden cloud bursts followed by heat bursts, which could pose grave risks to human lives and vital infrastructure.

In response to these warnings, the provincial government sanctioned 7.5 billion rupees to strengthen emergency preparedness. The plan includes keeping PDMA offices fully operational at divisional and district levels, ensuring the availability of rescue machinery, tents, medicines, food supplies, and other essentials.

Rescue 1122 centers across all districts will be activated, with future expansion planned at the tehsil level to make relief operations more effective. Hospitals have been instructed to enforce heat stroke emergencies, while medical staff and ambulance services will remain on high alert.

The government also announced the launch of a public awareness campaign to educate citizens about heatwave precautions. This campaign will be carried out through schools, mosques, traditional media, and social media platforms.

Chief Minister Sarfraz Bugti, addressing the meeting, stressed that climate change is intensifying the frequency and severity of weather-related threats. He assured the public that the government is committed to protecting lives and property by deploying all available resources. He directed officials to ensure that drainage systems, relief points, and rescue equipment remain fully functional in sensitive districts. "The people of Balochistan will not be left alone in any disaster. A modern disaster management system will guarantee timely action," he declared.

The meeting was attended by Home Minister Ziaullah Langau, the opposition leader, and secretaries from key departments, along with officials from the PDMA. Their collective presence underscored the seriousness of the situation and the government's determination to respond effectively to any emergency.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 19 MAY 2026 Page No. 14

## بلوچستان کی ترقی وخوشحالی پیپلز پارٹی کا وژن' فیصل خان جمالی

**حکومت عوامی مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہے' صوبائی وزیر**

**پیپلز پارٹی نے عوامی خدمت کی سیاست کو ہمیشہ فروغ دیا' مشرق سے گفتگو**

استا محمد (نامہ نگار) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ بلوچستان کو ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنا پاکستان پیپلز پارٹی کا وژن ہے موجودہ حکومت عوامی مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر سردار زادہ فیصل خان جمالی نے مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ صوبے کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے تاکہ عوام کو تعلیم، صحت، مواصلات اور دیگر بنیادی سہولیات بہتر انداز میں فراہم کی جا سکیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوامی خدمت کی سیاست کو فروغ دیا ہے اور آئندہ بھی بلوچستان کی.........

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

ترقی کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ حکومت عوام کی فلاح و بہبود اور نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے انہوں نے کہا کے صدر پاکستان آصف علی زرداری چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں بلوچستان جلد ترقی کی منزلیں طے کرے گی اور نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرے گی پاکستان پیپلز پارٹی عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا کے عوام کی طاقت وحمایت سے جلد بلوچستان کو امن کا گہوارہ بنائیں گے انہوں نے مزید کہا کے بلوچستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے ہم سب کو حکومت کے ساتھ اپنا کردار ادا کرنا ہوگا سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا کے بلوچستان کی عوامی حکومت عوام کو زندگی کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کر رہی ہے بلوچستان کے تمام دور دراز علاقوں میں صحت تعلیم پینے کا صاف پانی کی فراہمی ہنگامی بنیادوں پر کی جا رہی ہے جس سے عوام مستفید ہوں گے

## صحت کے شعبے میں بہتری حکومت کی اولین ترجیح ہے' بخت محمد کاکڑ

**دور دراز علاقوں میں مراکز صحت کو فعال بنانے کیلئے خصوصی اقدامات اٹھائے جارہے ہیں' صوبائی وزیر**

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان صوبے بھر میں عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کر رہی ہے اور صحت کے شعبے میں بہتری حکومت کی اولین ترجیح ہے تمام سرکاری اسپتالوں میں ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف اور ادویات کی دستیابی ہر صورت یقینی بنائی جائے تاکہ مریضوں کو بروقت اور بہتر علاج فراہم ہو سکے' یہ بات انہوں نے اے این این سے خصوصی بات چیت کرتے.........

بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

ہوئے کہی' انہوں نے کہا کہ دیہی اور دور دراز علاقوں میں بنیادی مراکز صحت کو فعال بنانے کیلئے خصوصی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ حالیہ گرمی کی شدت اور ممکنہ ہیٹ ویو کے پیش نظر صوبے کے تمام ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کر دی گئی ہے، جبکہ ہیٹ اسٹروک سے متاثرہ مریضوں کیلئے خصوصی وارڈز اور طبی سہولیات بھی فراہم کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے اور اس مقصد کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ صوبائی وزیر صحت نے واضح کیا کہ غفلت یا لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی اور عوامی خدمت میں کوتاہی برتنے والوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 8 Dated: 19 MAY 2026 Page No. 15

## وزیراعظم شہباز شریف آج کوئٹہ کا دورہ کریں گے

**کمانڈ اینڈ اسٹاف کالج کی پاسنگ آؤٹ پریڈ میں مہمان خصوصی ہونگے**

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف (آج) منگل کو بلوچستان کا ایک روزہ دورہ کریں گے، جہاں وہ وزیراعلیٰ ......... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان اور سیاسی عمائدین سے ملاقات' کمانڈ اینڈ اسٹاف کالج کی پاسنگ آؤٹ پریڈ میں مہمان خصوصی ہونگے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم کو کوئٹہ میں صوبے کے انتظامی اور سکیورٹی امور پر بریفنگ دی جائے گی، وزیراعظم کوئٹہ میں وزیر اعلیٰ بلوچستان اور سیاسی عمائدین سے ملاقات کریں گے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم کے ہمراہ وفاقی وزراء اور اعلیٰ سطح وفد بھی ہوگا، وزیراعظم کمانڈ اینڈ اسٹاف کالج کی پاسنگ آؤٹ پریڈ میں بطور مہمان خصوصی شرکت کریں گے۔

Century Express Quetta

## وزیراعظم آج ایک روزہ دورے پر کوئٹہ پہنچیں گے

**ایپکس کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرینگے، ترقیاتی منصوبوں پر بریفنگ دی جائیگی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف آج کوئٹہ کا ایک روزہ دورہ کریں گے، دورے کے دوران وزیراعظم بلوچستان کی ایپکس کمیٹی کے اجلاس (باقی صفحہ 5 نمبر 17)

کی صدارت کریں گے جبکہ صوبے میں ترقیاتی کاموں سے متعلق انہیں بریفنگ بھی دی جائے گی، سرکاری ذرائع کے مطابق کوئٹہ پہنچنے پر گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل اور وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کابینہ کے اراکین کے ہمراہ وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کا استقبال کریں گے، دورے کے موقع پر وفاقی وزراء اور اعلیٰ حکام بھی ان کے ہمراہ ہوں گے، بلوچستان کی ایپکس کمیٹی کا اجلاس وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ کوئٹہ میں ہوگا اجلاس کی صدارت وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کریں گے جبکہ اجلاس میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر، سیکورٹی فورسز کے صوبائی سربراہان سمیت دیگر حکام شرکت کریں گے، وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف مختصر دورہ کوئٹہ کے موقع پر گورنر اور وزیراعلیٰ سے ملاقاتیں بھی کریں گے، وزیراعظم کے دورہ کوئٹہ کے موقع پر سیکورٹی ہائی الرٹ کردی گئی، زرغون روڈ، ایئرپورٹ روڈ اور ملحقہ علاقوں میں واقع اسکولز بند رہیں گے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2 Dated 19 MAY 2026 Page No. 16

# قازقستان کا گوادر پورٹ کو تجارت کیلئے استعمال کرنے میں گہری دلچسپی کا اظہار

## چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ کی وفد سے ملاقات، چیئرمین نے مہمانوں کو گوادر فری زون اور بین الاقوامی سرمایہ کاری کے مواقع پر بریفنگ دی

گوادر (دوران پورٹ) قازقستان کے معروف کاروباری شخصیت اور پریمیم ہولڈنگ کارپوریشن کے چیف ایگزیکٹو آفیسر [illegible] کی قیادت میں قازقستان کا اعلیٰ سطحی وفد کراچی پہنچ گیا، وفد نے کراچی پورٹ ٹرسٹ کے ہیڈ آفس میں چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی و سیٹ کراچی پورٹ ٹرسٹ اور پورٹ قاسم اتھارٹی کے چیئرمین سے ملاقات کی اور اعلیٰ سطحی اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں دونوں ممالک کے درمیان بحری تجارت، لاجسٹکس، ٹرانسپورٹ کنیکٹیویٹی، سرمایہ کاری، ریلوے، آئی ٹی اور اقتصادی تعاون کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ نے وفد کو گوادر پورٹ، گوادر فری زون اور بین الاقوامی سرمایہ کاری کے مواقع پر بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ گوادر پورٹ وسطی ایشیائی ریاستوں کے لیے گرم پانیوں تک رسائی کا مختصر ترین تجارتی راستہ فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے گوادر پورٹ کے جدید انفراسٹرکچر، ایکسپورٹ سہولیات، [illegible] دوست پالیسیوں

بقیہ نمبر 5 صفحہ 5

اور گوادر فری زون میں دستیاب سہولیات پر روشنی ڈالی۔ [illegible] اور دیگر شعبوں میں طویل المدتی سرمایہ کاری کے مواقع پر روشنی ڈالی۔ قازقستانی وفد نے گوادر پورٹ کو علاقائی تجارت اور ٹرانزٹ ٹریڈ کے لیے استعمال کرنے میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ [illegible] وسطی ایشیا کو گوادر سے منسلک کرنے والے تجارتی راہداری منصوبوں پر بھی گفتگو کی گئی۔ چیئرمین نورالحق بلوچ نے کہا کہ پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کے تحت گوادر کو علاقائی ٹرانس شپمنٹ اور لاجسٹکس حب بنانے کے لیے اقدامات جاری ہیں اور گوادر پورٹ وسطی ایشیائی ممالک کی تجارتی اور صنعتی ضروریات پوری کرنے کے لیے مکمل طور پر تیار ہے۔ [illegible] گوادر پورٹ کی ترقی کے وژن کو سراہتے ہوئے علاقائی رابطہ اور اقتصادی انضمام میں پاکستان کے کردار کو اہم قرار دیا۔ ملاقات میں دونوں جانب سے کاروباری روابط، لاجسٹکس، [illegible] سرمایہ کاری اور باہمی تعاون کے شعبوں میں مستقبل میں اشتراک بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ وفد میں [illegible] پاکستان کے نمائندوں سمیت قازقستان کے دیگر کاروباری رہنما بھی شامل تھے۔ اس دورے کا مقصد پاکستان اور قازقستان کے درمیان ٹرانسپورٹ، لاجسٹکس، ریلوے، آئی ٹی اور تعلیم کے شعبوں میں تعاون کے امکانات کا جائزہ لینا تھا۔ ملاقات کو گوادر پورٹ میں بڑھتی ہوئی بین الاقوامی دلچسپی اور جنوبی ایشیا، وسطی ایشیا اور مشرق وسطیٰ کے درمیان مستقبل کے تجارتی و سرمایہ کاری گیٹ وے کے طور پر گوادر کے ابھرتے کردار کا اہم مظہر قرار دیا جا رہا ہے۔

# ڈی سی کوئٹہ کی زیر صدارت اجلاس، پولیو مہم کی کارکردگی کا جائزہ

## انکاری والدین اور مسنگ چلڈرنز پر خصوصی توجہ دی جائے، مہراللہ بادینی کی ہدایت

کوئٹہ (این این) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت انسداد پولیو مہم کے پہلے روز کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈی ایچ او کوئٹہ، ڈسٹرکٹ پولیو آفیسر، ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر، ای او سی ممبران، مانیٹرز اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں انسداد پولیو مہم کے پہلے روز کی کارکردگی رپورٹ پیش کی گئی، جس میں سی پی او، یو سی ایم او، اسسٹنٹ کمشنرز اور دیگر ٹیموں کی

بقیہ نمبر 27 صفحہ 6

کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ [illegible] ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے [illegible] کرنے، [illegible] اور مشکل علاقوں میں [illegible] کی ہدایت جاری کیں۔ انہوں نے کہا کہ انکاری والدین اور مسنگ چلڈرنز پر خصوصی توجہ دی جائے اور انسداد پولیو مہم کے دوران تمام اہداف کو صد فیصد حاصل کرنے کے لیے اقدامات کریں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 19 MAY 2026 Page No. 18

# وزیراعظم پاکستان بلوچستان کے سلگتے مسائل کا نوٹس لیں، جمعیت نظریاتی

بلوچستان کا مسئلہ سیاسی، صوبے کے عوام طویل عرصے سے احساس محرومی کا شکار ہیں، مولانا عبدالقادر لونی، مفتی شفیع الدین

بے روزگاری کے باعث جرائم میں اضافہ، دوسری طرف دشمن عناصر نوجوانوں کو اپنے مذموم مقاصد کیلئے استعمال کر رہے ہیں، مولانا محمود الحسن قاسمی

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین، مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی، مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید عبدالستار شاہ چشتی، مولانا [illegible]، مرزا احمد شاہ امروٹی اور سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ نے وزیراعظم شہباز شریف سے بلوچستان کے سلگتے مسائل، بے روزگاری، احساس محرومی اور بڑھتی ہوئی بدامنی کا فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں رہنماؤں نے کہا کہ بلوچستان کا مسئلہ بنیادی طور پر سیاسی اور معاشی نوعیت ........ بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

کا ہے، جہاں عوام طویل عرصے سے احساس محرومی کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے سرحدی اضلاع کے عوام کا روزگار کئی دہائیوں سے ایران اور افغانستان کے ساتھ سرحدی تجارت اور آمد و رفت سے وابستہ رہا ہے، تاہم گزشتہ دو برس سے سرحدی بندشوں نے لاکھوں لوگوں کو بے روزگار کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بے روزگاری کے باعث ایک جانب جرائم میں اضافہ ہو رہا ہے جبکہ دوسری طرف دشمن عناصر نوجوانوں کو اپنے مذموم مقاصد کیلئے استعمال کر رہے ہیں۔ رہنماؤں کے مطابق زراعت، تجارت، صنعت اور کاروبار شدید بحران کا شکار ہیں، جبکہ زرعی ٹیوب ویلز کی بجلی بند ہونے سے زمیندار تباہی کے دہانے پر پہنچ چکے ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ بلوچستان میں نہ صنعتیں ہیں، نہ کارخانے، نہ تجارت اور نہ ہی روزگار کے مواقع، جس کے باعث نوجوان شدید مایوسی کا شکار ہیں۔ انہوں نے وزیراعظم اور وفاقی حکومت پر زور دیا کہ بلوچستان کے عوامی مسائل اور توقعات کو مدنظر رکھتے ہوئے سنجیدہ اور دوررس اقدامات کیے جائیں تاکہ حالات میں بہتری لائی جا سکے۔ جمعیت علما اسلام نظریاتی کے رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ ایران اور افغانستان سے ملحقہ سرحدی راستوں کو باقاعدہ طریقہ کار کے تحت کھولا جائے تاکہ مقامی عوام کو روزگار کے مواقع میسر آ سکیں اور بدامنی و جرائم میں کمی آئے۔ انہوں نے کہا کہ ہر آنے والی حکومت بلوچستان کے لئے بڑے اعلانات کرتی ہے مگر بعد میں ان پر عملدرآمد نہیں ہوتا، جس سے عوام میں مزید بے چینی پیدا ہو رہی ہے۔ رہنماؤں نے موجودہ معاشی صورتحال پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ مہنگائی، بے روزگاری، پٹرولیم مصنوعات اور بجلی کی قیمتوں میں اضافے نے عام آدمی کی کمر توڑ دی ہے۔ ان کے مطابق حکومت آزاد اور خودمختار معاشی پالیسی اختیار کرنے میں ناکام رہی ہے جبکہ ٹیکسوں میں اضافے، بیکاری اور سہولتوں کے خاتمے سے عوام شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے مسائل طاقت کے استعمال سے نہیں بلکہ سیاسی جماعتوں اور عوامی نمائندوں کو اعتماد میں لے کر مذاکرات اور سنجیدہ پالیسی سازی سے حل کیے جا سکتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کا دورہ بلوچستان محض سیاسی سرگرمیوں تک محدود نہیں ہونا چاہیے بلکہ اسے صوبے کے پسماندہ عوام کے مسائل کے حل، خوشحالی اور روزگار کی فراہمی کا ذریعہ بننا چاہیے۔

# عوام بلوچستان کو دلدل سے نکالنے کیلئے ہمارا ساتھ دیں، مولانا ہدایت الرحمن

جماعت اسلامی عوام کو کسی قیمت پر مایوس نہیں کرے گی، ہر فورم پر حقوق کی جنگ جاری رکھیں گے، صوبائی امیر

حکمرانوں نے ملک و قوم کو مہنگائی، بیروزگاری، ظلم، کرپشن، بدامنی کے سوا کچھ نہیں دیا، رکن صوبائی اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے غیرت مند عوام، نوجوانوں، طلبہ اور علمائے کرام کی مایوسیوں کا واحد علاج جماعت اسلامی ہے۔ جماعت اسلامی کی جاری ممبر سازی مہم میں بھرپور حصہ لے کر عوام بلوچستان کو محرومیوں، پریشانیوں، بدامنی، بے روزگاری اور ناانصافی کے دلدل سے نکالنے کیلئے ہمارا ساتھ دیں۔ جماعت اسلامی عوام کو کسی قیمت پر مایوس نہیں کرے گی۔ ہر فورم پر ان کے حقوق کی جنگ جاری رکھے گی۔ شریف و زرداری خاندانوں نے ملک و قوم کو مہنگائی، بے ........ بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

روزگاری، ظلم، کرپشن، بدامنی اور بھاری سودی قرضوں کے سوا کچھ نہیں دیا۔ آج عوام دو وقت کی روٹی، بجلی، پانی، روزگار اور بنیادی سہولیات کیلئے ترس رہے ہیں جبکہ حکمران طبقہ اپنی مراعات اور اقتدار بچانے میں مصروف ہے۔ ملک کے وسائل چند خاندانوں اور اشرافیہ کے ہاتھوں یرغمال بن چکے ہیں۔ مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ اب وقت آ گیا ہے کہ عوام اس فرسودہ اور کرپٹ نظام کے خلاف متحد ہو کر کھڑے ہوں، اپنی آواز بلند کریں اور حقیقی تبدیلی کیلئے جماعت اسلامی کا ساتھ دیں۔ یہ جدوجہد کسی ایک جماعت کی نہیں بلکہ پورے ملک کے غریب، مظلوم اور محروم عوام کے مستقبل کی جنگ ہے۔ جماعت اسلامی ملک میں اسلامی، جمہوری اور عوام دوست نظام کے قیام کیلئے پرامن سیاسی جدوجہد جاری رکھے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ اور [illegible] میں مختلف وفود سے ملاقاتوں، سیاسی و سماجی شخصیات سے گفتگو اور مختلف تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر قبائلی عمائدین، علماء کرام، نوجوانوں، تاجروں اور جماعت اسلامی کے کارکنان کی بڑی تعداد موجود تھی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو جان بوجھ کر پسماندگی کا شکار رکھا گیا ہے۔

INTEKHAB QUETTA

# وائس چانسلر و دیگر کو بازیاب کرایا جائے، گوادر ڈسٹرکٹ بار

اساتذہ مستقبل کے معمار، بیان میں پروفیسر [illegible] حیات کے قتل کی مذمت، ملزمان کی گرفتاری کا مطالبہ

گوادر (آن لائن) گوادر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن گوادر کے صدر محمد رستم بلوچ اور جنرل سیکرٹری غلام مرتضیٰ محمد حسنی ایڈووکیٹ نے ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن گوادر نے مستونگ کے علاقے کھڈ کوچہ سے یونیورسٹی آف گوادر کے وائس چانسلر پروفیسر عبدالرزاق صابر، پرو وائس چانسلر ڈاکٹر منظور احمد، رجسٹرار ڈاکٹر ارشاد بلیدی اور ان کے ڈرائیور کے اغوا اور پروفیسر [illegible] حیات کے لورالائی میں قتل کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اساتذہ، پروفیسرز اور یونیورسٹی کے وائس چانسلرز معاشرے کے نہایت اہم اور باعزت افراد ہوتے ہیں، کیونکہ یہی لوگ قوم کی تعلیم، تربیت اور شعور کی بنیاد رکھتے ہیں۔ ایک استاد انسان کو علم، بقیہ نمبر 89 صفحہ 5 پر

اخلاق اور سوچ سکھاتا ہے۔ اساتذہ [illegible] کرتے ہیں۔ ڈسٹرکٹ بار کے رہنماؤں نے کہا کہ تعلیم یافتہ اور باشعور [illegible] مستقبل کے معمار ہیں۔ [illegible] معاشرے کے [illegible] ہے۔ ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن گوادر نے [illegible] سے مطالبہ کیا کہ [illegible] کو بازیاب [illegible]

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 19 MAY 2026 Page No 19

## واشمدین سے تین افراد کی نعشیں برآمد، ہسپتال منتقل

[illegible]

## قلعہ عبداللہ، موٹر سائیکل پر نصب بم دھماکہ، جانی نقصان نہیں ہوا

[illegible]

## اسادار میں ڈکیتی کی وارداتیں، فائرنگ سے ایک شخص زخمی

[illegible]

## تمپ میں پل تعمیر کرنیوالی کمپنی کی مشینری نذر آتش کر دی گئی

[illegible]

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 19 MAY 2026

Page No. 20

# گوادر کنٹانی میں ٹوکن سسٹم سرکاری خزانہ آمدن سے محروم

## شفاف نظام کے نفاذ کا مطالبہ

مخصوص طبقے کو نوازا جا رہا ہے، ٹوکن سسٹم کی بجائے عوام کو شناختی کارڈ کے ذریعے آزادانہ کاروبار کی سہولت فراہم کی جائے، عوامی و تجارتی حلقے

گوادر (این این آئی) گوادر کنٹانی میں ٹوکن سسٹم پر شدید تحفظات، ٹوکن سسٹم کی آڑ میں مخصوص طبقے کو نوازا جا رہا ہے جبکہ حکومت کا سرکاری خزانہ کروڑوں روپے کی آمدن سے محروم ہو رہا ہے۔ عوامی و کاروباری حلقوں کا موقف ہے کہ انتظامیہ شفاف اور منصفانہ نظام نافذ کرنے اور وصول کی جانے والی رقوم ٹیکس کے تحت قومی خزانے میں جمع کرنے کی اپیل۔ تفصیلات کے مطابق کنٹانی میں سیکورٹی کو بہتر بنانے اور نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور سسٹمیٹک

بقیہ نمبر 79 صفحہ 5 پر

بنانے کے اقدام کو شہریوں نے قابل قدر قرار دیا ہے تاہم عوامی اور کاروباری حلقوں نے اس نظام پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ ٹوکن سسٹم کی آڑ میں ایک مخصوص طبقے کو نوازا جا رہا ہے جبکہ حکومت کا سرکاری خزانہ کروڑوں روپے کی آمدن سے محروم ہو رہا ہے۔ باوثوق ذرائع کے مطابق کنٹانی میں تیل کے مبینہ کاروبار میں مختلف مقامات پر ٹوکن سسٹم کے تحت کاروباری سرگرمیاں ہو رہی ہیں جن کے نام پر بھاری رقوم وصول کی جا رہی ہیں [illegible] سرکاری سطح پر موجود نہیں۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ [illegible] کی بنیاد پر ماہانہ کروڑوں روپے جمع کیے جا رہے ہیں لیکن یہ رقم قومی خزانے میں جمع ہونے کی بجائے مخصوص افراد کی جیبوں میں جا رہی ہے۔ شہریوں اور کاروباری افراد نے مطالبہ کیا ہے کہ اگر حکومت کنٹانی کے نظام کو بہتر بنانے کے خواہش کے مطابق جدید اور منظم بنانا چاہتی ہے تو اس عمل کو مکمل شفافیت کے ساتھ نافذ کیا جائے۔ ان کا کہنا ہے کہ ٹوکن سسٹم کی بجائے عوام کو شناختی کارڈ کے ذریعے آزادانہ کاروبار کی سہولت فراہم کی جائے تاکہ چھوٹے تاجروں اور غریب طبقے کا استحصال بند ہو سکے۔ عوامی حلقوں کے مطابق موجودہ ٹوکن سسٹم نے نہ صرف کاروباری سرگرمیاں کو محدود کر دیا بلکہ غریب طبقے کے لیے روزگار کے مواقع بھی محدود ہو گئے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ انتظامیہ کو چاہیے کہ وہ اس نظام کا ازسرنو جائزہ لے اور ایسا طریقہ کار مرتب کرے جس سے سیکورٹی بھی برقرار رہے اور عوامی مفادات کا بھی تحفظ ہو سکے۔

# بھاگ 21 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ سے معمولات زندگی متاثر

گرمی اور جھلسادینے والی ہواؤں کے باعث دوپہر کے وقت شاہراہوں، بازاروں اور گلیوں میں آمد و رفت معمول سے کم رہی، شہری گھروں تک محدود ہو کر رہ گئے، رپورٹ

بھاگ (نامہ نگار) تحصیل بھاگ میں جھلسادینے والی گرمی کا سلسلہ عروج پر دیہی علاقوں میں 21 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ سے معمولات زندگی بری طرح متاثر علاقے میں ہر طرف گرم ہواؤں کا راج پارہ 46 سینٹی گریڈ تک پہنچ گیا تفصیلات کے مطابق بھاگ و گرد و نواح میں شدید جھلسادینے والی گرمی نے معمولات زندگی کو بری طرح متاثر کیا ہے بھاگ میں درجہ حرارت 46 سینٹی گریڈ تک ریکارڈ کیا گیا ہوا میں نمی کے باعث 46 گرمی 50 سینٹی گریڈ محسوس کی گئی محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ چند روز تک جاری رہنے کا امکان ہے شدید گرمی اور جھلسادینے والی ہواؤں کے باعث دوپہر کے وقت شاہراہوں بازاروں اور گلیوں میں آمد و رفت معمول سے کم رہی شہری گھروں تک محدود ہو کر رہ گئے دوسری جانب شہر میں تین بجے بجلی کی بندش اور دیہاتوں میں 21 گھنٹے کی طویل لوڈشیڈنگ نے عوامی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے لوگوں کا کہنا ہے کہ قیامت خیز گرمی میں دن کے اوقات بجلی کی مکمل بندش اور ٹرپنگ نے زندگی اجیرن بنا دی ہے عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے بجلی کی لوڈشیڈنگ کا دورانیہ کم کیا جائے

## چاغی، اسٹریٹ لائٹس کی خرابی سے اہلیان علاقہ مشکلات کا شکار

چاغی (نامہ نگار) چاغی بازار کے اسٹریٹ لائٹس خراب، تاجر برادری اور چاغی کے عوام سخت پریشان رہتے ہیں۔ نمائندہ [illegible] کی تفصیلات کے مطابق چاغی بازار کے مختلف گلیوں اور مین بازار پر نصب اسٹریٹ لائٹس طویل عرصے سے خراب پڑے ہیں، جس کی وجہ سے رات کے وقت شہریوں کو شدید مشکلات اور عدم تحفظ کا سامنا ہے۔ چاغی کے دکانداروں نے کہا کہ چاغی بازار کے متعدد مقامات پر اسٹریٹ لائٹس نہ جلنے سے گلیاں مکمل طور پر اندھیری ہو جاتی ہیں۔ اس سے نہ صرف دکانداروں اور خریداروں کی نقل و حرکت مشکل ہو گئی ہے بلکہ چوری، ڈکیتی اور دیگر جرائم کے واقعات میں بھی اضافے کا خدشہ بڑھ گیا ہے۔ علاقہ مکینوں نے کہا کہ رات کے وقت کام سے واپسی پر شدید مشکلات اور اندھیرے کی وجہ سے ٹریفک حادثات کا خطرہ رہتا ہے۔ چاغی کے تاجر برادری ایم پی اے چاغی حاجی صادق خان سنجرانی، میر اعجاز خان سنجرانی، اور ڈسٹرکٹ چیئرمین میر عبدالودود خان سنجرانی اپیل کیے کہ چاغی بازار کے خراب اسٹریٹ لائٹس کی فوری مرمت اور نئی لائٹس کی تنصیب کا کام شروع کیا جائے تاکہ عوام کو محفوظ اور آسان آمد و رفت کی سہولت میسر آ سکے۔

CamScanner